© rasailojaraid.com

جناب مولانا حافظ محمد ابراہیم صاحب فانیؔ

شمع عرفان

شیخ القرآن حضرت مولانا عبد الہادی صاحب شاہ منصوری قدس سرہٗ کی یاد میں

عبد ہادی وہ محدّث شیخ قرآں اب کہاں
نیرّ نورِ ہدایت شمع عرفاں اب کہاں

آسمانِ علم کا وہ ماہِ تاباں اب کہاں
ڈھونڈتی نظریں ہیں جس کو مہر رخشاں اب کہاں

ذرّہ ذرّہ مجھ کو پژمردہ نظر آتا ہے آج
محفلِ ہستی میں اب وہ شور و طوفاں اب کہاں

خوں فشاں ہر چشم ہے اور ہر نفس بے چین ہے
رازدانِ کن فکاں وہ فضل سبحاں اب کہاں

ہو چکی ہے سلب دل سے قوت ضبط فغاں
طاقتِ صبر و شکیب اے دلفگاراں اب کہاں

گلستاں میں ہر کلی بے نکہت و بے رنگ ہے
رونقِ بزم چمن رنگِ بہاراں اب کہاں

بن گیا ماتم سرا ساقی حسینی خم کدہ
وہ سرور و کیف و مستی ذوقِ وجداں اب کہاں

میکدہ باقی ہے لیکن پیر مے خانہ نہیں
شورشِ رنداں ہجوم مے گساراں اب کہاں

علم تفسیر و روایت آج ہیں ماتم گسار
ہائے اللہ واقفِ اسرار فرقاں اب کہاں

قطبِ اقطاب طریقت عارف و کامل ولی
ہادیِ راہِ صفا وہ جانِ جاناں اب کہاں

مرشدِ کامل فقیہہ النفس زاہد متقی
پیکرِ جود و سخا و بحرِ فیضاں اب کہاں

مشغلہ جس کا تھا روز و شب ہی تفسیر قرآں
وہ ہمالہ، توکل شاہِ ذیشاں اب کہاں

بوذر و سلماں صفت تھے فقر و فخری کے نظیر
شاہد کشف و کرامت قبلۂ جاں اب کہاں

عالمِ تفسیر قرآں مسندِ آرائے حدیث
خضرِ راہِ معرفت وہ مرد میداں اب کہاں

نازشِ ملت تھے میرِ کاروانِ اہلِ حق
قدوۂ اہلِ ہدیٰ و اہلِ ایماں اب کہاں

ہو گئے نذرِ یتیمی طالبانِ علم دیں
آہ فانیؔ وہ مجاہد شیخِ دوراں اب کہاں

© rasailojaraid.com